سوال

(139)کیا وہ عورت جس کو سیال مادہ آتا ہے باوضو ہو کر نفل نمازیں اور قرآن مجید پڑھ سکتی ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وہ عورت جس کو ہمیشہ سیال مادہ خارج ہوا کرتا ہے جب فرض نماز کے لیے وضو کرلے تو کیا اس کے لیے اس وضو سے نفل نمازیں اور قرآن پڑھنا جائز ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب وہ فرض نماز کے لیے اول وقت میں وضو کرلے تو اس کے لیے جائز ہے کہ وہ جتنے فرائض و نوافل ادا کرنا چاہے ادا کرے اور اگر قرآن پڑھنا چاہے تو پڑھے یہاں تک کہ دوسری نماز کا وقت داخل ہو جائے ۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 157

محدث فتویٰ